سے معروف بھی ہے اور متداول بھی۔ ۱۵ جلدوں پر مشتمل یہ کتاب انسانی زندگی کے تمام اہم معاملات کے حوالے سے ہدایات نبوی ﷺ کا احاطہ کرتی ہے۔ شعب الایمان جیسا کہ نام سے ظاہر ہے ایمانیات بل کہ ایمان کے مختلف شعبوں اور پہلوؤں کے حوالے سے تعلیمات نبوی ﷺ کے منتخب حصے پر مشتمل ہے۔ یوں یہ اپنے موضوع پر اہم ترین اور جامع ترین کتاب ہے، جس کا اندازہ اس بات سے لگایا جا سکتا ہے کہ اس میں ایمان کے ستر سے زائد شعبوں پر کلام کیا گیا ہے، اور احادیث نبویہ پیش کی گئی ہیں۔

یہ کتاب چوں کہ ضخیم ہے اور جدید طباعت کے ساتھ عربی میں فہارس سمیت ۹ جلدوں پر مشتمل ہے، اس لئے اس ضخیم کتاب سے استفادہ اہل علم تک محدود تھا۔ زیر نظر ترجمے نے اس کتاب سے استفادہ عوام الناس کے لئے بھی سہل بنا دیا ہے۔

کتاب کے مترجم مولانا الیاس عباسی سلسلہ نقشبندیہ مجددیہ کی اہم شخصیت مولانا شمس الرحمٰن عباسی کے صاحب زادے ہیں اور جامع علوم الاسلامیہ بنوری ٹاون کے شعبہ علوم حدیث کے متخصص ہیں۔ انہوں نے اس کتاب کا ایک جلد میں انتخاب اور احادیث کا کہیں کہیں مختصر تشریح کے ساتھ ترجمہ پیش کیا ہے۔ اس طرح اس تلخیص میں ایمان کے ستتر شعبوں پر احادیث نبویہ کا انتخاب موجود ہے۔

مترجم و تلخیص نگار کا اسلوب یہ ہے کہ انہوں نے ہر حدیث پر عنوان قائم کیا ہے اور مختصر حوالہ بھی حدیث کے ساتھ ہی درج کیا ہے۔ اسی طرح بعض مقامات پر حدیث کا متن بھی درج کیا ہے۔ اگر پوری کتاب میں یکسانیت رکھی جاتی اور تمام احادیث کا متن بھی موجود ہوتا تو زیادہ مفید بھی ہوتا اور عربی جاننے والے حضرات کے لئے ترجمے کو پرکھنا بھی آسان ہوتا۔

ترجمہ آسان اور سلیس ہے، البتہ بعض مقامات پر نظر ثانی کی گنجائش موجود ہے۔

کتاب سلیقے سے شائع ہوئی ہے، اور پیش کش میں ذوق کا ثبوت دیا گیا ہے۔

☆☆☆☆☆☆☆

نام کتاب: اطیعوا اللہ واطیعوا الرسول

مولف: رشید اللہ یعقوب

ناشر: رحمۃ للعالمین ریسرچ سینٹر۔ زم زمہ، کلفٹن۔ کراچی

صفحات: ۱۴۴ قیمت: ہدیہ، مفت تقسیم

تبصرہ نگار: طاہر عمر

جناب رشید اللہ یعقوب عرصے سے علم و تحقیق کے میدان میں سرگرم عمل ہیں۔ ان کی دسیوں کتب شائع ہو کر مقبول ہو چکی ہیں اور اہل علم سے تحسین پا چکی ہیں۔

جناب مولف اللہ تعالیٰ کے لئے خدا اور گوڈ کے استعمال کو ناجائز تصور کرتے ہیں۔ اس حوالے سے وہ ایک ضخیم کتاب بھی تالیف کر چکے ہیں۔ اس قدرے مختصر کتاب میں بھی انہوں نے اپنے موقف کو دہرایا ہے اور اس سلسلے میں بعض فتاویٰ اور قدیم و جدید کتب کے اقتباسات درج کئے ہیں۔ نیز ان فتاویٰ کا جواب بھی دیا ہے جن میں اللہ تعالیٰ کو خدا کہنے میں جواز کی طرف اشارہ کیا گیا ہے۔

یہ بات اصولی طور پر درست ہے کہ اسلامی اصطلاحات کو ان ہی لفظیات کے ساتھ استعمال کرنا چاہئے جو قرآن و حدیث میں مستعمل ہیں۔ جیسے کہ لفظ اللہ اسم ذات ہے جس کا کوئی متبادل نہیں، لیکن جن حضرات نے لفظ خدا کا استعمال کیا ہے انہوں نے روزمرہ، بول چال اور عوامی محاورے کو پیش رکھا ہے، اور شریعت میں ان تمام امور کا پاس کیا جاتا ہے۔ اس بنا پر جو حضرات لفظ خدا کے عدم جواز کے اس شدت سے قائل نہیں جس شدت کا اظہار فاضل مولف اپنی تحریروں میں فرما رہے ہیں ان پر طعن یا ان کے تحت رد کی ضرورت محسوس نہیں ہوتی۔ واللہ اعلم

کتاب حسب سابق اسی اعلیٰ معیار پر شائع ہوئی ہے جو رحمۃ للعالمین ریسرچ سینٹر کی پہچان ہے۔

☆☆☆☆☆☆☆

نعتیہ ادب کا فکر افروز کتابی سلسلہ

نعت رنگ

مرتب: صبیح رحمانی

شمارہ ۲۲ شائع ہو گیا ہے

نعت ریسرچ سینٹر

بی ۵۰ سیکٹر ۱۱، اے۔ نارتھ کراچی، پوسٹ کوڈ ۷۵۸۵۰